احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

ہفتہ 31/اکتوبر 2009ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 31/اکتوبر 2009ء 11 ذیقعد 1430 ہجری 31 اخاء 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 247

سفید کپڑے

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ سے ورقہ بن نوفل کے بارہ میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا میں نے خواب میں اس کو سفید کپڑوں کے ساتھ دیکھا ہے اگر وہ اہل جہنم میں سے ہوتا تو اس پر کوئی اور کپڑے ہوتے۔

(جامع ترمذی کتاب الرویا باب فی رویا النبی حدیث نمبر:2212)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حکیم مطلق نے ....انسانی دماغ کی بناوٹ ہی ایسی رکھی ہے اور ایسے رُوحانی قویٰ اسکو دئے ہیں کہ وہ بعض سچی خوابیں دیکھ سکتا ہے اور بعض سچے الہام پا سکتا ہے۔ مگر وہ سچی خوابیں اور سچے الہام کسی وجاہت اور بزرگی پر دلالت نہیں کرتے بلکہ وہ محض نمونہ کے طور پر ترقی کیلئے ایک راہیں ہوتی ہیں۔ اور اگر ایسی خوابوں اور ایسے الہاموں کو کسی بات پر کچھ دلالت ہے تو صرف اِس بات پر کہ ایسے انسان کی فطرت صحیح ہے بشرطیکہ جذبات نفسانیہ کی وجہ سے انجام بدنہ ہو اور ایسی فطرت سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر درمیان میں روکیں اور حجاب پیش نہ آجائیں تو وُہ ترقی کر سکتا ہے جیسے مثلاً ایک زمین ہے جس کی نسبت بعض علامات سے ہمیں معلوم ہو گیا ہے کہ اس کے نیچے پانی ہے مگر وہ پانی زمین کی کئی تہوں کے نیچے دبا ہوا ہے اور کئی قسم کا کیچڑ اسکے ساتھ ملا ہوا ہے اور جبتک ایک پُوری مشقت سے کام نہ لیا جائے اور زمین کو بہت دنوں تک کھودا نہ جائے تب تک وہ پانی جو شفاف اور شیریں اور قابل استعمال ہے نکل نہیں سکتا۔ پس یہ کمال شقوت اور نادانی اور بدبختی ہے کہ یہ سمجھ لیا جائے کہ انسانی کمال بس اسی پر ختم ہے کہ کسی کو کوئی سچی خواب آجائے یا سچا الہام ہو جائے بلکہ انسانی کمال کے لئے اور بہت سے لوازم اور شرائط ہیں اور جبتک وہ متحقق نہ ہوں تب تک یہ خوابیں اور الہام بھی مکر اللہ میں داخل ہیں خدا اُن کے شرّ سے ہر ایک سالک کو محفوظ رکھے۔

اس جگہ الہام کے فریفتہ کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ وحی دو۲ قسم کی ہے۔ وحی الابتلاء اور وحی الاصطفاء وحی الابتلاء بعض اوقات موجبِ ہلاکت ہو جاتی ہے جیسا کہ بلعم اسی وجہ سے ہلاک ہوا۔ مگر صاحبِ وحی الاصطفاء کبھی ہلاک نہیں ہوتا۔ اور وحی الابتلاء بھی ہر ایک کو حاصل نہیں ہوتی بلکہ بعض انسانی طبیعتیں ایسی بھی ہیں کہ جیسے جسمانی طور پر بہت سے لوگ گونگے اور بہرے اور اندھے پیدا ہوتے ہیں۔ ایسا ہی بعض کی رُوحانی قوتیں کالعدم ہوتی ہیں۔ اور جیسے اندھے دُوسروں کی رہنمائی سے اپنا گذارہ کر سکتے ہیں ایسا ہی یہ لوگ بھی کرتے ہیں لیکن بوجہ عام شہادت کے جو بداہت کا حکم رکھتی ہے۔ اُن کو اِن واقعات حقہ سے انکار نہیں ہو سکتا اور نہیں کہہ سکتے کہ دُوسرے تمام لوگ بھی اُن کی طرح اندھے ہی ہیں .... اِس تمام تقریر سے ہمارا مدعا یہ ہے کہ کسی شخص کا محض سچی خوابوں کا دیکھنا یا بعض سچے الہامات کا مشاہدہ کرنا یہ امر اس کے کسی کمال پر دلیل نہیں ہے۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 10تا12)

اپنی اصلاح کی فکر یں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں۔

”میں ہر گھر کے دروازے پر کھڑے ہو کر اور ہر گھرانہ کو مخاطب کر کے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتا ہوں اور جو احمدی گھرانہ بھی آج کے بعد ان چیزوں سے پرہیز نہیں کرے گا اور ہماری اصلاحی کوشش کے باوجود اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا وہ یہ یاد رکھے کہ خدا اور اس کے رسول اور اس کی جماعت کو اس کی کچھ پرواہ نہیں ہے وہ اس طرح جماعت سے نکال کے باہر پھینک دیا جائے گا جس طرح دودھ سے مکھی۔ پس قبل اس کے کہ خدا کا عذاب کسی قہری رنگ میں آپ پر وارد ہو یا اس کا قہر جماعتی نظام کی تعزیر کے رنگ میں آپ پر وارد ہو اپنی اصلاح کی فکر کرو اور خدا سے ڈرو اور اس دن کے عذاب سے بچو کہ جس دن کا ایک لحظہ کا عذاب بھی ساری عمر کی لذتوں کے مقابلہ میں ایسا ہی ہے کہ اگر یہ لذتیں اور عمریں قربان کر دی جائیں اور انسان اس سے بچ سکے تو تب بھی وہ مہنگا سودا نہیں، سستا سودا ہے۔“

(خطبہ جمعہ 23/جون 1967ء از خطبات ناصر جلد 1 صفحہ 762-763)

ہر قسم کی بدرسوم کے خلاف جہاد میں ہر احمدی کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔

(مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

دار الضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقوم بالتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

1۔ قربانی بکرا -/7500 روپے
2۔ قربانی حصہ گائے -/3800 روپے

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

مشعل راہ

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر اپنے اموال خرچ کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 7 نومبر 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں مومنوں کو مختلف طریقوں سے اس کی راہ میں خرچ کرنے کی ترغیب دلاتا ہے اور اس کے طریقے بھی بتاتا ہے۔ کہیں فرماتا ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ کہیں فرما رہا ہے کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے اپنے ہاتھ روک کر کہیں اپنے اوپر ہلاکت وارد نہ کر لینا۔ کبھی فرماتا ہے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے تم ذاتی طور پر بھی تباہی سے محفوظ رہو گے اور اگر قوم میں قربانی کا جذبہ ہے اور قوم قربانی کر رہی ہے تو قوم بحیثیت مجموعی بھی مجھ سے تباہی سے بچنے کی ضمانت لے۔ پھر فرمایا ہے کہ اپنی پاک کمائی میں سے خرچ کرو تاکہ اس میں اور برکت پڑے۔ چھپا کر بھی خرچ کرو اور اعلانیہ بھی خرچ کرو۔ غریبوں کا بھی خیال رکھو ان کی ضرورتیں بھی پوری کرو اور زکوٰۃ کی طرف بھی توجہ دو تاکہ قومی ضرورتیں بھی پوری ہوں اور غریبوں کی ضرورتیں بھی پوری ہوں اور جب تم خرچ کر رہے تو یاد رکھو کہ تم اپنے فائدے کا سودا کر رہے ہو اس لئے کبھی دل میں احسان جتانے کا خیال بھی نہ لاؤ۔ اور جب فائدے کا سودا کر رہے ہو تو پھر عقل تو یہی کہتی ہے کہ بہترین حصہ جو ہے وہ سودے میں استعمال کیا جاتا ہے تاکہ فائدہ بھی بہترین شکل میں ہو۔ تو اس سے مال میں جو اضافہ ہونا ہے وہ تو ہونا ہی ہے تمہیں اس نیکی کا ثواب ملنا ہے اور اس لئے محبوب چیزوں میں سے خرچ کرو۔ جو تمہاری پسندیدہ چیزیں ہیں ان میں سے خرچ کرو، جو بہترین مال ہے اس میں سے خرچ کرو۔ اور جتنی کمزوری کی حالت میں یعنی وسعت کی کمی کی حالت میں خرچ کرو گے اتنا ہی ثواب بھی زیادہ ہوگا۔ تو فرمایا کہ بہر حال اللہ تعالیٰ تو ہر اس شخص کو اپنی رحمتوں اور فضلوں سے نوازتا ہے اور نوازتا رہے گا جو اس کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، اس کی راہ میں قربانی دیتے ہیں اور ہر شخص اپنی ایمانی حالت کے مطابق خرچ کرتا ہے۔ **ہر کوئی اپنے مرتبے اور توکل کے مطابق خرچ کرتا ہے اور اس لحاظ سے انبیاء کا ہاتھ سب سے کھلا ہوتا ہے اور انبیاء میں بھی سب سے زیادہ ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ سب سے زیادہ کھلا تھا۔ تبھی تو آپؐ نے ایک موقع پر فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ احد پہاڑ جتنا سونا میرے پاس ہو تو وہ بھی میں تقسیم کر دوں۔ انبیاء کے بعد درجہ بدرجہ ہر کوئی اس نیک کام میں حصہ لیتا ہے، اس کا اس کو ثواب بھی ملتا ہے اور اس کے مطابق وہ خرچ بھی کرتا ہے۔** ایک موقع پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیال آیا کہ آج میرے گھر میں کافی مال ہے میں جا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کروں اور آدھا مال لے کر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دل میں خیال کیا کہ آج تو حضرت ابوبکرؓ سے بڑھنے کے قوی امکانات ہیں، ان سے زیادہ قربانی پیش کروں گا۔ لیکن تھوڑی دیر بعد حضرت ابوبکرؓ اپنا مال لے کر آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ گھر میں کیا چھوڑ آئے ہو؟ تو عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول!۔ اس پر حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے کہا اپنے آپ سے کہ تم کبھی ابوبکر سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ بہرحال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کو اس کی راہ میں خرچ کرنے کے مختلف ذرائع سے ترغیب دلاتا ہے اور یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان لوگوں کی مثال جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ایسے بیج کی طرح ہے جو سات بالیں اگاتا ہو۔ ہر بال میں سو دانے ہوں اور اللہ جسے چاہے (اس سے بھی) بہت بڑھا کر دیتا ہے۔ اور اللہ وسعت عطا عطا کرنے والا (اور) دائمی علم رکھنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس آیت میں لوگوں کی مثال دے رہا ہے لیکن اس سے مراد مومن ہیں۔ ایسے ایمان لانے والے جو اللہ کے دین کی خاطر خرچ کرتے ہیں اور دین کامل اب .... ہی ہے جیسے کہ ہم سب کو معلوم ہی ہے۔ اور اس زمانے میں .... مسیح موعود کی جماعت ہی حقیقت میں .... جماعت کہلانے کی حقدار ہے اور یہی مومنین کی جماعت ہے۔ اور اس لحاظ سے فی زمانہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے لوگوں سے مراد آپ لوگ ہی ہیں جو اس زمانے کے امام کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے بہترین مال خوشدلی سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ ایسے نیک نیت لوگوں کو خوشخبری دیتا ہے کہ اے لوگو! تم جو میری راہ میں خرچ کرتے ہو میں تمہیں بغیر اجر کے نہیں چھوڑوں گا۔ بلکہ طاقت رکھتا ہوں کہ تمہاری اس قربانی کو سات سو گنا تک بلکہ اس سے بھی زیادہ کر سکتا ہوں۔ اور یاد رکھو کہ جیسے جیسے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے اپنا دل کھولتے جاؤ گے اللہ تعالیٰ تمہیں وسعت بھی دیتا چلا جائے گا۔ تم اس دنیا میں بھی اس کے فضلوں کے وارث ٹھہرو گے اور یہ اجر صرف یہیں ٹھہر نہیں جائے گا بلکہ اگلے جہان میں بھی اجر پاؤ گے۔ اور پھر تمہاری نسلوں کو بھی اس کا اجر ملتا رہے گا۔ اب دیکھیں ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کی کشائش، مالی وسعت ان کے بزرگوں کی قربانیوں کے نتیجہ میں ہے۔ یہ احساس ہمیں اپنے اندر ہمیشہ قائم رکھنا چاہئے، اجاگر کرتے رہنا چاہئے اور اس لحاظ سے بھی بزرگوں کے لئے دعائیں کرنی چاہئیں اور آئندہ نسلوں کو بھی یہ احساس دلانا چاہئے کہ بزرگوں کی قربانی کے نتیجہ میں ہمارے اوپر اللہ تعالیٰ نے بہت سارے فضل فرمائے ہیں۔

(روزنامہ الفضل 24 فروری 2004ء)

حضرت مسیح موعود کا ارفع ادبی مقام

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کا ایک نایاب اور حقیقت افروز ادبی شہ پارہ:۔

”ادیب دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جنہیں اپنے کلام میں زیادہ تر ظاہری اور لفظی خوبیوں کی طرف توجہ رہتی ہے اور ان کی نگاہ اس حد سے آگے نہیں گزرتی کہ زبان صاف اور صحیح ہو اور کوئی لفظ یا کوئی فقرہ اہل زبان کے محاورہ کے خلاف نہ لکھا جائے۔ مگر ایسے لوگوں کا کلام عموماً بلند پروازی اور جدت طرازی اور بندشوں کی چستی اور مضامین کے تنوع اور استعاروں اور تشبیہات کے محاسن سے خالی ہوتا ہے مگر ہاں زبان روزمرہ کے محاورہ کے لحاظ سے ضرور صاف ہوتی ہے۔ لیکن دوسری قسم کے ادیب وہ ہیں جن کی زبان روزمرہ کے محاورہ کے لحاظ سے ایسی صاف نہیں ہوتی بلکہ بعض اوقات وہ کوئی غلط لفظ یا قابل اعتراض بندش یا خلاف محاورہ فقرہ بھی لکھ جاتے ہیں مگر بایں ہمہ ان کا کلام نہ صرف اعلیٰ معانی سے معمور ہوتا ہے بلکہ بلند پروازی اور بندشوں کی چستی اور مضامین کے تنوع اور تشبیہات کے حسن سے اپنے اندر ایسا زور پیدا کر لیتا ہے کہ نہ صرف خود بلندیوں میں پرواز کرنے کی طاقت رکھتا ہے بلکہ اپنے پڑھنے والوں کو بھی اپنے ساتھ اٹھا کر گویا ایک عالم بالا کی سیر کرا دیتا ہے۔ اردو کے شاعروں میں ان دو قسم کے ادیبوں کی مثال ذوق اور غالب میں نمایاں طور پر نظر آتی ہے ذوق کا کلام روزمرہ کے محاورہ اور زبان کی صحت اور صفائی کے لحاظ سے غالب کے کلام سے یقیناً بہت بہتر ہے۔ مگر جب ہم دوسرے معیار سے پرکھتے ہیں تو غالب کا مقام ذوق سے بدرجہا بلند پاتے ہیں۔“

”ہمارے نقاد دوستوں کو چاہئے کہ ہمیشہ ادیبوں کے طبقات کے اس فرق کو ملحوظ رکھیں جو میں نے اوپر بیان کیا ہے۔ اور کوشش کریں کہ ہماری جماعت میں ایسے اہل فن پیدا ہوں جو زبان کے غلام نہ ہوں بلکہ زبان پر اس طرح سوار ہوں جس طرح ایک شاہسوار اسپ تازی پر سوار ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود وطن کے لحاظ سے پنجابی تھے اور بعض جلد باز اور کوتہ نظر لوگوں نے آپ کے کلام میں اردو کے روزمرہ محاورہ کے لحاظ سے نکتہ چینی بھی کی ہے۔ مگر یہ نکتہ چین آپ کے اس ارفع ادبی مقام کی گرد کو بھی نہیں پہنچتے جو خدا نے آپ کو عطا کیا تھا۔ چنانچہ آپ کی وفات پر دِلّی کا (جو گویا اردو دانوں کا گھر ہے) ایک مشہور مصنف لکھتا ہے:۔

”اگرچہ مرحوم پنجابی تھا مگر اُس کے قلم میں اس قدر قوت تھی کہ آج سارے پنجاب میں بلکہ بلندیٔ ہند میں بھی اس قوت کا کوئی لکھنے والا نہیں .... اس کا پرزور لٹریچر اپنی شان میں بالکل نرالا ہے اور واقعی اس کی بعض عبارتیں پڑھنے سے ایک وجد کی سی حالت طاری ہو جاتی ہے۔“

(مشمولہ دور خسروی صفحہ ل۔م ناشر دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ قادیان دسمبر 1945ء)

یہ مشہور مصنف دہلی کے نامور صحافی اور مصنف جناب میرزا حیرت دہلوی تھے جنہوں نے یہ ریویو حضرت اقدس مسیح موعود کے وصال پر اپنے اخبار کرزن گزٹ میں زیب اشاعت کیا تھا۔

آس

آپ آئیں گے تو ہر گھر میں چراغاں ہوگا
اللہ نے چاہا تو پھر جشنِ بہاراں ہوگا
چند ہاروں سے نہ ہوگی تری رسمِ ترحیب
پیشوائی کے لئے سارا گلستاں ہوگا
شب گزرتی ہے مری تاروں کو تکتے تکتے
ان میں شاید کوئی دلجوئی کا ساماں ہوگا
آج آتے ہیں یا کل آس لگانے کے سوا
پگلے دل کے لئے بس اور نہ ساماں ہوگا
اے خدا دیر سے ہوں آس لگائے بیٹھا
مجھ گنہگار پہ کب تیرا کرم ارزاں ہوگا
جس کی آمد پہ ہیں موقوف بہاریں شبیر
جب وہ آئے گا تو ہر ذرہ ثنا خواں ہوگا

(چوہدری شبیر احمد)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ۔ مقام اشاعت: دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) ۔ قیمت 5 روپے

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

ذوالنورین، اوّل المہاجرین، کاتب وحی اور تیسرے خلیفہ راشد

حضرت عثمانؓ بن عفّان

قسط دوم آخر

حلیہ ولباس

جس طرح آپ ظاہراً خوبرو تھے ایسے ہی آپ کا باطن بھی خوبصورت تھا۔ آپ درمیانے قد اور گندمی رنگ کے خوبرو انسان تھے۔ ناک بلند، دانت پیوستہ اور چمکدار تھے۔ جسم گداز داڑھی لمبی تھی جسے خضاب لگاتے تھے۔ دانت سونے کی تار سے بندھے تھے۔ عمدہ لباس زیب تن فرماتے تھے۔ ایک دفعہ قیمتی ریشمی چادر اوڑھی۔ فرمایا ''یہ میری بیوی نائلہ کی ہے۔ ان کی خوشی کی خاطر کبھی میں بھی اوڑھ لیتا ہوں۔''

(ابن سعد ج3 ص58)

موسیٰ بن طلحہ کا بیان ہے کہ ایک جمعہ کے روز میں نے حضرت عثمانؓ کو دیکھا زرد تہ بند کے ساتھ آپؓ نے چادر زیب تن فرمائی تھی۔ عصا ہاتھ میں تھا اور آپؓ تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت معلوم ہوتے تھے۔

(مجمع الزوائد جلد9 ص80، ابن سعد جلد3 ص54)

اولاد

رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادیوں حضرت رقیہؓ اور حضرت اُم کلثومؓ کے علاوہ آپ کے عقد میں چھ ازواج آئیں۔ حضرت رقیہؓ سے بیٹا عبداللہ کم سنی میں فوت ہوگیا تھا۔ دوسری بیوی حضرت فاختہؓ سے ہونے والے عبداللہ بھی بچپن میں فوت ہوئے۔ تیسری بیوی حضرت ام عمروؓ بنت جندب سے عمرو، خالد، ابان، عمر اور مریم پیدا ہوئے۔ حضرت فاطمہؓ بنت ولید سے ولید اور سعید ہوئے۔ حضرت ام البنین سے عبدالملک پیدا ہوئے۔ حضرت رملہؓ بنت شیبہ سے عائشہ، ام ابان اور ام عمرو ہوئیں اور حضرت نائلہ (جو بوقت شہادت موجود تھیں) سے مریم ہوئیں۔ الغرض کثیر اولاد تھی۔

عبادت میں شغف

حضرت عثمانؓ کو عبادت و ریاضت میں بہت شغف تھا۔ شہادت کے موقع پر آپ کی حرم حضرت نائلہؓ نے ظالم قاتلوں سے فرمایا تم نے ایک ایسے شخص کو شہید کیا جو بہت روزے رکھنے والا بہت عبادت گزار تھا۔ وہ نماز کی رکعت میں ساری رات کو تلاوت قرآن سے زندہ رکھتے تھے۔ (ابن سعد جلد3 ص76)

رسول اللہ ﷺ کی سنت کی اتباع کا بہت خیال تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ تمام صحابہ کے سامنے مکمل وضو کر کے دکھایا اور فرمایا کہ آنحضرت ﷺ اس طرح وضو فرمایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ ایک جنازہ گزرا آپؓ احتراماً کھڑے ہوگئے اور پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ بھی ایسا کیا کرتے تھے۔ حضرت عثمانؓ قرآن شریف کے عاشق تھے۔ کاتب وحی کی خدمت انجام دینے کی توفیق ملی۔ خود حافظ قرآن تھے۔ آیات قرآنی سے استنباط و استدلال میں خاص ملکہ رکھتے تھے۔ علم الفرائض یعنی میراث میں بھی آپ کو گہری دسترس حاصل تھی۔

حضرت عثمانؓ طبعاً کم گو تھے۔ مگر جب بات کرتے تو مکمل بات کرتے۔ (ابن سعد جلد3 ص57)

احادیث بیان کرنے میں آپؓ بہت احتیاط سے کام لیتے تھے۔ اس لئے آپؓ کی بہت کم روایات احادیث کی کتب میں ملتی ہیں۔

اخلاق فاضلہ

حضرت عثمانؓ بہت اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے رسول کریم ﷺ نے فرمایا ''عثمان میرے صحابہ میں سے سب سے زیادہ میرے اخلاق کے مشابہ ہیں۔'' (مجمع الزوائد جلد 9 ص 81) اور تمام اخلاق کی جڑ حیا ہے۔ اور حضرت عثمانؓ فطرتاً باحیاء عفیف و راستباز اور پارسا انسان تھے۔ رسول کریم ﷺ بھی آپ کے باحیا ہونے کا خاص لحاظ رکھتے تھے۔ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ صحابہ کے ساتھ بے تکلفی سے ایک کنوئیں کی منڈیر پر تشریف فرما تھے اور پانی کے اندر اپنی ٹانگیں لٹکا رکھی تھیں۔ زانوئے مبارک سے کچھ حصہ کھلا ہوا تھا کہ حضرت عثمانؓ کے آنے کی اطلاع ہوئی آپ اپنا کپڑا سنبھال کر بیٹھ گئے۔

(بخاری کتاب المناقب باب مناقب عثمانؓ)

اور فرمایا عثمان سے تو فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔

(مجمع الزوائد جلد9 ص82)

آپ کے حیا کا یہ عالم تھا کہ تنہائی اور بند کمرے میں بھی کپڑے نہ اُتارتے تھے۔ حتیٰ کہ غسل بھی لباس پہن کر کرتے تھے۔ (ابن سعد جلد3 ص59)

خوفِ خدا اس قدر تھا کہ قبرستان کو دیکھ کر بے چین ہو جاتے اور فرمایا کرتے کہ ''رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنا ہے کہ قبر آخرت کی منازل میں سب سے پہلی منزل ہے اگر یہ معاملہ آسانی سے طے ہوگیا تو پھر باقی منزلیں بھی آسان ہیں۔ اور اگر یہاں دشواری پیش آئی تو دیگر مرحلے بھی مشکل ہوں گے''۔

سنت رسول ﷺ کی پیروی

صلح حدیبیہ کے موقع پر جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو اہل مکہ کی طرف بھجوایا تو آپ کے چچا زاد ابان بن سعید نے انہیں اپنی پناہ میں لیا۔ اپنی سواری پر سوار کروایا اور خود آپ کے پیچھے بیٹھ کر آپؓ کو مکہ لے کر آیا۔ آپ کے سادہ لباس کو دیکھ کر وہ کہنے لگا اے میرے چچا کے بیٹے! یہ کیا بات ہے میں آپ کو نہایت عاجزانہ لباس میں دیکھتا ہوں۔ آپ بھی اپنی قوم کی طرح بڑا تہ بند پہنیں جسے لٹکا کر چلتے ہیں۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا ہمارے آقا و مولا ایسا ہی لباس پہنتے ہیں۔ پھر اس نے کہا اے میرے چچا کے بیٹے آپ خود تو طواف کرلیں۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا بھائی! ہم کوئی چیز شروع نہیں کرتے اور کسی کام میں پہل نہیں کرتے جب تک کہ ہمارے امام حضرت محمد ﷺ وہ نہ کرلیں۔

(استیعاب جلد1 ص62 تا64، مسند الرویانی جز2 ص254)

تواضع وسادگی

سادگی کا یہ عالم تھا کہ گھر میں لونڈیوں اور غلاموں کے باوجود اپنے کام خود کرنا پسند کرتے۔ رات کو اُٹھ کر وضو کے پانی کا خود انتظام کرتے کسی نے کہا کہ خادم کی مدد لے لیا کریں فرمایا رات ان کے آرام کے لئے ہے۔ (ابن سعد جلد3 ص60)

طبیعت کا ایک گہرا وصف یہ تھا کہ آپ میں نرمی اور رقت بہت تھی۔

تواضع کی یہ انتہا تھی کہ ایک دفعہ منبر پر خطبہ دے رہے تھے۔ عمرو بن العاصؓ نے یہ کہنے کی جسارت کی کہ ''اے عثمان آپ توبہ کریں کہ آپ نے امت کو مشکل میں ڈال دیا ہے۔ بلکہ آپ کے ساتھ سب لوگ بھی توبہ کریں''۔ آپ نے بلا پس وپیش اسی وقت قبلہ رُخ ہو کر ہاتھ اُٹھایا اور کہا ''اے اللہ میں سب سے پہلے تیری درگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ سب لوگوں نے بھی آپ کی پیروی میں ایسے ہی کیا''۔

(ابن سعد جلد3 ص69)

حضرت عثمانؓ میں اپنی حیرت انگیز مالی قربانی کے بعد کبھی ریا یا فخر کا کوئی شائبہ پیدا نہ ہوا۔ ایک دفعہ کسی تنگ دست نے آپ کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا آپ امیر طبقہ کے لوگ بہت ثواب کما گئے ہو۔ تو حضرت عثمانؓ نے پوچھا کیا تمہیں ہم پر رشک آتا ہے۔ اس نے کہا ہاں۔ فرمانے لگے ''خدا کی قسم! تمہاری محنت کی کمائی سے ایک درہم خرچ کرنا دس ہزار درہم سے بڑھ کر ہے اور تمہارا تھوڑا بھی زیادہ سے بہتر ہے''۔ (کنزالعمال جلد3 ص320)

سادگی

خلافت کے زمانہ میں بھی آپؓ کی سادگی کا یہ عالم تھا۔ مسجد نبوی میں قیلولہ کیلئے چٹائی پر لیٹ جاتے۔ چٹائی کے نشان آپؓ کے پہلو میں ہوتے۔ جسے دیکھ کر لوگ تعجب سے کہہ اٹھتے امیر المومنین کی یہ حالت ہے؟

(صفۃ الصفوۃ جلد1 ص116)

کھانے کا یہ حال تھا کہ مہمانوں کو گھر سے اعلیٰ کھانا کھلاتے مگر خود زیتون کے تیل اور سرکہ پر مشتمل کھانا تناول کرتے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد2 ص368)

عدل گستری

اپنے خادموں کے ساتھ معاملہ میں انکسار کے ساتھ عدل کی بھی عجب شان نظر آتی ہے۔ ایک دفعہ اپنے غلام سے فرمایا کہ ''میں نے تمہاری گوشمالی کی تھی یعنی کسی بات پر تنبیہ کیلئے کان مروڑے تھے اب مجھ سے بدلہ لے لو۔ اس نے آپ کا کان پکڑ لیا۔ فرمانے لگے ''اور سختی سے کان مروڑو کہ اسی دنیا میں جو بدلہ چکا دیا جائے وہ کیا خوب ہے''۔

(الریاض النضرہ جلد2 ص111)

منصفانہ رائے دینے میں آپؓ کسی کا لحاظ نہ کرتے تھے۔ نافع بن عبدالحارث کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ مکہ آئے اور جمعہ کے دن دارالندوہ میں ٹھہر گئے تاکہ قریب سے بیت اللہ آجاسکیں۔ ایک دفعہ اپنی چادر دیوار پر لٹکائی تو ایک کبوتر اس پر آکر بیٹھ گیا۔ انہوں نے اس اندیشہ سے کہ چادر کو گندا نہ کردے اسے اڑا دیا۔ وہ دوسری دیوار پر جا بیٹھا تو ایک سانپ نے اسے ڈس کر مار ڈالا۔ جمعہ کے بعد حضرت عمرؓ نے مجھے اور حضرت عثمانؓ سے کہا کہ تم دونوں میرے اس معاملہ میں فیصلہ کرو۔ میں نے حضرت عثمانؓ سے کہا کہ میرے خیال میں تو حضرت عمرؓ کو بطور فدیہ ایک بکرے کی قربانی کرنی چاہیے۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا میرا بھی یہی خیال ہے۔ (مسند الشافعی ص47)

سخاوت وفیاضی اور انفاق فی سبیل اللہ

حضرت عثمان غنیؓ دولتمند ہونے کے ساتھ بہت سخی اور فیاض بھی تھے۔ کوئی خیال کرسکتا ہے کہ شاید غیر معمولی دولت کی وجہ سے اُن کو ''غنی'' کا خطاب ملا۔ امر واقعہ یہ ہے کہ حضرت عثمانؓ کو محض مالی فراخی کی وجہ سے نہیں بلکہ اُن مالی قربانیوں کی وجہ سے ''غنی'' کہا گیا ہے جو وہ دل کے غنا کی وجہ سے خدا تعالیٰ کی راہ میں پانی کی طرح مال بہاتے تھے جسے دیکھ کر آج بھی انسان محوحیرت ہو جاتا ہے۔

حضرت عثمانؓ ہی تھے جنہوں نے یہ عہد کیا تھا کہ میں ہر جمعہ کو ایک غلام آزاد کیا کروں گا۔ اور پھر زندگی کے آخری سانس تک اس عہد کو نبھاتے رہے اور ہر جمعہ کو ایک غلام آزاد کرتے چلے گئے۔

(مجمع الزوائد جلد9 ص86)

یہ کوئی معمولی قربانی نہیں ایک غلام کی قیمت ہزاروں درہم ہوا کرتی تھی۔ اور خدا تعالیٰ کی راہ میں ہر جمعہ کو یہ مالی قربانی ازخود اپنے ذمے لے لینا بہت بڑی بات ہے اور حضرت عثمانؓ کی ہفتہ وار مالی قربانی کی غیر معمولی منفرد مثال ہے جو آپؓ نے قائم کر دکھائی۔ اپنے گھر کے محاصرہ کے دنوں میں آپ نے بیس غلام آزاد کئے۔ (اسد الغابہ ج3 ص383)

مسلمان جب ہجرت کر کے مدینہ آئے تو ان کا ایک بہت بڑا مسئلہ پانی کی فراہمی کا تھا۔ مدینے میں بئر رومہ ایک ہی بڑا کنواں تھا جو ایک یہودی کی ملکیت تھا اور وہ اس کا پانی بیچا کرتا تھا۔ مسلمان حالت مفلسی میں ہجرت کر کے مدینہ آئے تھے اُن کیلئے پانی خریدنا تو درکنار کھانے کو غذا تک میسر نہ تھی۔ یہ بہت کٹھن مرحلہ تھا۔ آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کی تکالیف دیکھ کر تحریک

عام فرمائی کہ کوئی ہے جو بئر رومہ خرید کر مسلمانوں کیلئے مفت پانی کا انتظام کردے۔ میں ایسے شخص کے لئے جنت میں کنوئیں کی ضمانت دیتا ہوں۔ اس وقت حضرت عثمانؓ آگے بڑھے اور اس یہودی کے ساتھ کنواں خریدنے کے لئے رابطہ کیا۔ عام حالات میں تو کنوئیں کی قیمت اتنی نہ تھی مگر وہ یہودی جانتا تھا کہ ایک ہی کنواں ہے اور مسلمان مجبور ہیں، منہ مانگے دام مجھے ملیں گے تو وہ بیچنے ہی سے انکار کرتا تھا تاکہ اس کی قیمت بڑھ جائے۔ بالآخر جب راضی ہوا تو اس نے کہا میں آدھا کنواں بیچوں گا ایک دن آپ اس کا پانی استعمال کیا کریں اور ایک دن میں خود اس کا پانی بیچا کروں گا۔ وہ جب اس کے سوا کسی بات پر راضی نہ ہوا تو حضرت عثمانؓ نے اس کنوئیں کی منہ مانگی قیمت بارہ ہزار درہم ادا کردی جو اُس زمانے کے لحاظ سے بہت بڑی قیمت تھی۔ آپ کا مقصد محض خدا اور اس کے رسولؐ کی خوشنودی اور رضا تھی۔ پھر خوشی خوشی جاکر وہ تحفہ آنحضرت کی خدمت میں پیش کردیا۔ آنحضرتؐ اپنی یہ مراد پاکر بہت خوش ہوئے اور حضرت عثمانؓ غنی کو جنت کی خوشخبری عطا فرمائی۔

(بخاری کتاب المناقب باب مناقب عثمانؓ و ''عفو اسیدی عثمانؓ'' ص54)

پھر حضرت عثمانؓ نے مسلمانوں کے لئے مفت پانی کا اعلان کردیا۔ ادھر یہودی نے جب یہ دیکھا کہ مسلمان تو اپنی باری میں سارا پانی نکال کرلے جاتے ہیں اور اس کے پاس کوئی خریدنے کیلئے نہیں آتا تو اس کو احساس ہوا کہ اس نے بہت بڑی غلطی کی ہے دوسرا آدھا حصہ بھی بیچ دینا چاہئے تھا۔ اب وہ خود حضرت عثمانؓ کے پاس آیا اور کہا کہ بقیہ حصہ بھی آپ خرید لیں حضرت عثمانؓ اگر چاہتے تو اب قیمت حسب منشا گرا سکتے تھے مگر آپ نے کنوئیں کا دوسرا حصہ بھی آٹھ ہزار درہم میں خرید کر سارا کنواں مسلمانوں کے لئے وقف کردیا۔

جب مسجد نبوی کی توسیع کا مسئلہ پیدا ہوا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اردگرد کے مکانات خرید کر مسجد میں شامل کرلئے جائیں۔ اس کیلئے رقم کی ضرورت تھی تاکہ اردگرد کے مکان مسجد کے لئے خریدے جاسکیں۔ اس وقت بھی حضرت عثمانؓ آگے بڑھے اور انہوں نے پندرہ ہزار درہم کی قربانی اُس وقت پیش کی اس کے نتیجے میں مسجد نبوی کی توسیع عمل میں آئی۔ (نسائی کتاب الاحباس باب وقف المساجد)

رسول کریم ﷺ کے ساتھ حضرت عثمانؓ کو بھی توسیع کے وقت اینٹ رکھنے کی سعادت عطا ہوئی۔

(مجمع الزوائد جلد9 ص86)

فتح مکہ کے بعد مسجد حرام یعنی خانہ کعبہ کی توسیع کا معاملہ پیش ہوا۔ آنحضرت ﷺ نے تحریک فرمائی کہ وہ لوگ جو خانہ کعبہ کے قریب اردگرد گھروں میں رہتے ہیں وہ خانہ خدا کے لئے خالی کرسکیں تو اُن کو گرا کر مسجد حرام کو وسیع کردیا جائے۔ وہ بیچارے ایسا نہیں کرسکے کیونکہ اُن میں دوسری جگہ گھر یا مکان خریدنے کی استطاعت نہیں تھی۔ اس وقت بھی حضرت عثمانؓ کام آئے۔ انہوں نے دس ہزار دینار کی قربانی کی۔ اُس زمانے میں یہ بہت بڑی مالی قربانی تھی جس کی مدد سے ان لوگوں کو دوسری جگہوں پر مکان خرید کردیئے گئے جو خانہ کعبہ کے پاس آباد تھے۔

حضرت ابوبکرؓ کے زمانے میں مدینہ میں قحط پڑ گیا۔ حضرت عثمانؓ کا تجارتی قافلہ سب سے پہلے مدینے پہنچا اونٹوں کی قطاروں کی قطاریں غلہ سے لدی ہوئی تھیں۔ مدینے کے تمام تاجر اکٹھے ہوکر حضرت عثمانؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا بے شک منہ مانگا منافع لے لیں اور یہ قافلہ ہمیں بیچ دیں۔ دس ہزار درہم کی مالیت پر بارہ ہزار درہم کی پیش کش ہوئی۔ حضرت عثمانؓ نے کہا کہ مجھے اس سے زیادہ منافع ملتا ہے۔ میں اتنے میں نہیں دے سکتا کسی نے کہا کہ ہم پندرہ ہزار درہم دیتے ہیں یہ غلہ ہمیں بیچ دیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس سے بھی زیادہ ملتے ہیں۔ مدینہ کے تاجر حیران تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب مدینہ کے باسی ہیں۔ اس سے بڑی بولی آپ کو کس نے دی اور کون ہے جو اس سے زیادہ آپ کو دے رہا ہے؟ حضرت عثمانؓ نے کہا کہ وہ میرا خدا ہے جو ایک درہم کے مقابلے پر مجھے دس درہم کی نوید سناتا ہے۔ پھر حضرت عثمانؓ نے اعلان کردیا کہ میں ان تمام اونٹوں پر لدا ہوا مال مدینے کے غرباء کے لئے وقف کرتا ہوں۔

حضرت عبداللہؓ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ ایک جنگ میں مسلمانوں کا راشن ختم ہونے کے باعث فاقہ کی سخت تکلیف سے مسلمان سخت پریشان اور منافق خوش تھے۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا آج غروب آفتاب سے قبل اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق کے سامان فرمادے گا۔ حضرت عثمانؓ کو خبر ہوئی تو فرمایا اللہ اور اس کا رسول بالکل سچ فرماتے ہیں انہوں نے غلہ سے لدے ہوئے نو اونٹ رسولؐ اللہ کی خدمت میں بھجوائے کہ ہدیہ قبول فرمائیں۔ رسولؐ اللہ یہ دیکھ کر بے حد خوش ہوئے اور منافقوں پر اوس پڑگئی۔ تب رسولؐ اللہ نے ہاتھ اُٹھائے اور عثمانؓ کے لئے ایسی دعائیں کیں کہ اس سے پہلے یا بعد کسی کے حق میں ایسی دعائیں کرتے میں نے آپؐ کو نہیں سنا۔ آپؐ دعا کررہے تھے کہ اے اللہ! عثمانؓ کو بہت دے اے اللہ عثمانؓ پر بہت فضل فرما۔ (مجمع الزوائد جلد9 ص85)

صلہ رحمی

حضرت عثمانؓ صلہ رحمی کرتے، اعزو احباب سے محبت و احسان سے پیش آتے تھے۔ بھوکوں کو کھانا کھلاتے اور زیربار لوگوں کے بوجھ اُٹھاتے تھے۔ دوستوں کو ضرورت پر بڑی بڑی رقوم قرض دیتے (ابن سعد جلد3 ص74) بعض دفعہ قرض واپس بھی نہ لیتے ایک دفعہ حضرت طلحہؓ سے ایسا ہی معاملہ فرمایا اور فرمانے لگے کہ یہ آپ کی مروت کا صلہ ہے۔

حضرت عثمانؓ کو اپنی شہادت کا اشارہ مل چکا تھا۔ چنانچہ شہادت کے موقع پر قریباً دو ماہ تک جب آپؓ کے گھر کا محاصرہ کیا گیا اس محصوری کے دور میں جس ضبط و تحمل کا آپؓ نے مظاہرہ کیا اور صحابہ کی طرف سے باغیوں کے مقابلے کی بار بار کی درخواستیں ردّ فرمادیں تاکہ امت میں قتل و خون نہ ہو۔ آپؓ فرماتے تھے کہ میں خلیفۃ الرسول ہوکر مسلمانی کا دعویٰ کرنے والوں کے خون سے اپنے ہاتھ رنگنا نہیں چاہتا۔ انہی اخلاق کریمہ پر قائم رہتے ہوئے آپؓ اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔ (ابن سعد جلد3 ص70)

حضرت عائشہؓ نے آپ کی شہادت پر فرمایا کہ عثمانؓ سب سے بڑھ کر صلہ رحمی کرنے والے اور سب سے بڑھ کر اللہ سے ڈرنے والے تھے۔

(اصابہ جز4 ص223)

حضرت علیؓ سے آپؓ کے بارہ میں پوچھا گیا تو فرمانے لگے وہ ایسا شخص ہے جو ملأ اعلیٰ یعنی دربار خداوندی میں بھی ''ذوالنورین'' کہلاتا ہے۔

(اصابہ جز4 ص223)

حضرت عثمانؓ کو اپنے بابرکت دور میں اہم خدمات کی توفیق ملی۔ فتوحات اور انتظامی اصلاحات کے علاوہ مسجد نبوی کی تعمیر و توسیع بھی آپؓ کی ایک اہم خدمت ہے۔

مسجد نبوی کی تعمیر و توسیع کی خدمت

عہد نبوی میں بھی توسیع مسجد کی ضرورت کے پیش نظر حضرت عثمانؓ نے قریبی قطعہ زمین خرید کر مسجد کی توسیع کروائی تھی۔

اپنے دور خلافت میں 24ھ میں پھر توسیع کا ارادہ کیا لیکن قرب مسجد نبوی میں رہنے والے لوگ کافی معاوضہ کے باوجود بھی راضی نہ ہوئے۔ پانچ سال بعد پھر صحابہ سے مشورہ کے بعد آپؓ نے ایک خطبہ جمعہ میں توسیع مسجد نبوی کی خصوصیت سے تحریک کرتے ہوئے نہایت مؤثر تقریر کی جس کے نتیجہ میں لوگوں نے خوشی سے اپنے مکانات پیش کردئے۔ اور آپؓ نے نہایت اہتمام سے اور ذاتی نگرانی میں اپنے عمّال کے ذریعہ دس ماہ کے قلیل عرصہ میں اینٹ چونا اور پتھر کی خوبصورت اور مضبوط تعمیر کرکے مسجد کی لمبائی میں پچاس گز کا اضافہ کیا۔ جبکہ چوڑائی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

(خلاصۃ الوفاء ص124، سیرۃ الصحابہ حصہ اول ص228)

حفاظت قرآن کا کارنامہ

آپؓ کا ایک اور کارنامہ قرآن شریف کی حفاظت کی خاطر ایک قرأت قریش پر جمع و تدوین کرکے تمام اسلامی ممالک میں اس کی اشاعت عام کرنا ہے۔ اس کے نتیجہ میں قرآن شریف ہمیشہ کے لئے محفوظ ہوگیا۔ آپؓ کا یہ کارنامہ رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے جنگ یمامہ میں حفاظ کے کثرت سے قتل ہونے کے بعد قرآن شریف کی متفرق تحریرات کو ایک جلد میں اکٹھا کروا دیا تھا۔ یہ مستند صحیفہ حضرت ابوبکرؓ کی اپنی تحویل میں رہا پھر حضرت عمرؓ کی حفاظت میں آیا ان کی وفات کے بعد ام المومنین حضرت حفصہؓ نے مجموعہ سنبھالا۔ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں حضرت حذیفہؓ بن الیمان ان کی خدمت میں حاضر ہوئے انہیں شام اور عراق کی جنگوں میں شرکت کا موقع مل چکا تھا۔ وہاں انہیں مختلف ممالک و اقوام میں رائج قرآنی قراءتوں کے اختلاف سے اندیشہ ہوا کہ یہ سلسلہ بڑھ کر کوئی مشکلات پیدا نہ کرے۔ انہوں نے حضرت عثمانؓ سے عرض کیا کہ یہود و نصاریٰ کا اپنی کتاب میں اختلاف سے جو انجام ہوا اس کی نوبت سے پہلے مسلم امہ کی فکر کرلیں اور قرآن شریف کو سات قراءتوں کی بجائے ایک قراءت پر رائج کردیں۔ حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ سے اولین مستند قرآنی صحیفہ منگوایا۔ پھر حضرت عثمانؓ نے حضرت زیدؓ بن ثابت انصاری، عبداللہؓ بن زبیر، سعیدؓ بن العاص، عبدالرحمانؓ بن حارث بن ہشام کو حکم دیا اور انہوں نے اس کی نقول تیار کیں۔ حضرت عثمانؓ نے مؤخر الذکر تینوں قریش صحابہ سے کہا کہ جب تمہارا اور زیدؓ کا کسی آیت کی تلاوت یا قراءت میں اختلاف ہو تو قریش کی لغت کو ترجیح دیتے ہوئے قرآن تحریر کیا جائے کیونکہ قرآن قریش کی زبان میں اترا ہے۔ چنانچہ ان اصحاب نے یہ کام کیا جب نقول تیار ہوگئیں تو پہلا نسخہ حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ کو واپس بھجوا دیا اور نئے تیار شدہ نسخوں کی نقول مختلف ممالک میں بھجوا کر حکم دیا کہ اس کے علاوہ دیگر قراءتوں پر مشتمل کوئی نسخے ہوں تو وہ جلا دئے جائیں۔

(بخاری فضائل القرآن باب جمع القرآن)

اس کے نتیجہ میں ہمیشہ کیلئے قرآن شریف کی حفاظت کے سامان ہوگئے۔ آپؓ کا یہ کارنامہ رہتی دنیا تک یاد رہے گا۔ چنانچہ آج اسلام کے مخالف مستشرقین بھی یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہیں۔ نولڈکے کا قول ہے:۔

"Slight clerical errors there may have been but the Quran of Othman contains none but genuine elements, though sometimes in very strange order. Efforts of European scholars to prove the existence of later interpations in the Quran have failed."

(ترجمہ) ممکن ہے کہ تحریر کی کوئی معمولی غلطیاں (طرز تحریر کی) ہوں تو ہوں، لیکن جو قرآن عثمانؓ نے دنیا کے سامنے پیش کیا تھا اُس کا مضمون وہی ہے جو محمدؐ نے پیش کیا تھا۔ گو اس کی ترتیب عجیب ہے۔ یورپین علماء کی یہ کوششیں کہ وہ ثابت کریں کہ قرآن میں بعد کے زمانہ میں بھی کوئی تبدیلی ہوئی ہے بالکل ناکام ثابت ہوئی ہے۔ (انسائیکلو پیڈیا برٹینیکا زیر لفظ قرآن)

باقی صفحہ 6 پر

مکرم اسرار احمد ناصر صاحب

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی
اور
ان کی کتاب ''قبلہ نما'' کا تعارف

سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنی تصنیف ''البلاغ'' جس کا دوسرا نام فریاد درد ہے میں مناظرات مذہبیہ کے میدان میں قدم رکھنے والوں اور مخالفوں کے رد میں تالیفات کرنے والوں میں جن شرائط کا ہونا ضروری قرار دیا اس میں آٹھویں شرط یہ فرمائی کہ

''تحریری یا تقریری مباحثات کے لئے مباحث یا مؤلف کے پاس ان کثیر التعداد کتابوں کا جمع ہونا ہے جو نہایت معتبر اور مسلم الصحت ہیں جن سے چالاک اور مفتری انسان کا منہ بند کیا جاتا ہے اور اس کے افتراء کی قلعی کھولی جاتی ہے''۔

(البلاغ۔روحانی خزائن جلد 13 ص 374)

اس ضمن میں آپ نے تقریباً چودہ سو کتب کی ایک طویل فہرست کو پندرہ شعبوں میں تقسیم کر کے اپنی تصنیف البلاغ کے آخر میں درج فرمایا ہے۔علم کلام کی نوے کے قریب جو کتب آپ نے درج فرمائی ہیں ان میں قبلہ نما، تقریر دلپذیر اور انتصار الاسلام جو کہ مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی تصانیف ہیں بھی شامل ہیں۔زیر نظر مضمون میں مصنف کا مختصر تعارف اور قبلہ نما کے مضامین کا خلاصہ پیش ہے۔

نسب نامہ

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کا نسبی سلسلہ شاہجہانی عہد کے عالم مولوی محمد ہاشم صاحب پر منتہی ہوتا ہے۔جو جاگیر پا کر نانوتہ میں آباد ہوئے۔صدیقی شیوخ اس قصبہ کے عموماً ان ہی مولوی ہاشم کی اولاد میں سے ہیں۔

(سوانح قاسمی جلد اول از سید مناظر احسن گیلانی ص 113)

سوانح قدیم کے مصنف نے مولانا مرحوم کے شجرہ نسب کو درج کرتے ہوئے لکھا ہے۔

''محمد قاسم بن اسد علی بن غلام شاہ بن محمد بخش بن علاء الدین بن محمد فتح بن محمد مفتی بن عبدالسمیع بن مولوی محمد ہاشم''۔ (سوانح قاسمی از محمد یعقوب ص 25)

تقریباً چار پشتوں سے مولانا محمد قاسم کے خاندان میں اتفاقاً مسلسل یہ عجیب صورت پیش آتی رہی کہ جائیداد پر تقسیم کا عمل نہ ہوسکا۔آپؒ کے دادا کا کوئی بھائی نہ تھا بھائی پیدا ہوئے مگر لڑکپن میں مر گئے...... خود مولانا محمد قاسمؒ کے چند بھائی پیدا ہوئے مگر بچپن میں ہی سب کا انتقال ہوگیا۔

(سوانح قاسمی جلد اول از سید مناظر احسن گیلانی ص 114,113)

1832ء میں قصبہ ''نانوتہ'' میں آپ کا تولد ہوا ...... یہ قصبہ دیوبند سے 12 کوس مغرب میں سہارنپور سے 15 کوس جنوب میں، گنگوہ سے 9 کوس مشرق میں اور دہلی سے 60 کوس شمال میں واقع ہے۔

(بانی دارالعلوم دیوبند ص 9)

پیدائش کے سال و ماہ کے یاد رکھنے کا دستور نانوتہ کے شیوخ میں مروج تھا۔اس کا طریق یہ تھا کہ بچے کی تاریخ پیدائش کو مدنظر رکھ کر ایک نام تجویز کیا جاتا تھا۔حروف ابجد کے حساب سے اس نام کا میزان اس بچے کی تاریخ پیدائش بنتی تھی۔

(سوانح قاسمی جلد اول از سید مناظر احسن گیلانی ص 147)

اسی طریق پر''آپ کا تاریخی نام خورشید حسین رکھا گیا اور معمولی نام محمد قاسم قرار پایا''۔

(سوانح مولانا محمد قاسمی نانوتویؒ از عبدالصمد صارم ص 8)

اپنی بعض تحریروں میں حضرت نے اپنے اس تاریخی نام کا تذکرہ بھی فرمایا ہے۔مشہور نام کا کسی وقتی مصلحت کی وجہ سے کبھی اخفاء اگر مقصود ہوتا تو بجائے ''محمد قاسم'' کے فرما دیا کرتے میرا نام ''خورشید حسین'' ہے۔

(سوانح قاسمی جلد اول از سید مناظر احسن گیلانی ص 147)

یہ بچہ شروع ہی سے بڑا ذہین اور ہونہار تھا بچپن میں بھی کبھی کوئی برا کھیل نہیں کھیلا۔نہ لڑائی بھڑائی اور ضدہٹ کی نہ مزاج میں بچوں کی طرح چھچھورہ پن تھا۔اگر کبھی کوئی کھیل کھیلتے تو اس میں بھی اول رہتے کبھی کسی سے ہارتے نہ تھے۔

(سوانح مولانا محمد قاسم نانوتویؒ از عبدالصمد صارم ص 6)

مولوی صاحب لڑکپن سے ذہین، طباع، بلند ہمت، تیز، وسیع حوصلہ، جفاکش، جری و چست و چالاک تھے۔ (سوانح قاسمی از محمد یعقوب ص 26)

راتوں کو بہت بہت دیر سے بے تکلف گھر جاتے اور کچھ خوف نہ کرتے۔

(سوانح قاسمی از محمد یعقوب ص 27)

ابتدائی تعلیم

حسب دستور پانچ سال کی عمر میں مدرسہ میں بٹھا دیئے گئے۔انہوں نے بہت جلد قرآن شریف ختم کرلیا اور چھوٹی چھوٹی کتابیں پڑھنا شروع کردیں۔اردو کی کتابیں پڑھنے کے بعد وہ فارسی پڑھنے لگے اور بہت جلد ترقی کی حتیٰ کہ شعروشاعری کرنے لگے۔کھیل کی باتیں اور قصے کہانیاں نظم کرتے۔

آپ کے زمانے میں ایک بزرگ حاجی امداداللہ مہاجر مکی اپنے رشتہ داروں میں تھانہ بھون سے نانوتہ تشریف لایا کرتے تھے۔مولانا کو بچپن ہی سے ان سے عقیدت ہوگئی جب کبھی وہ آتے تو مولانا حاضر خدمت رہتے۔

حاجی صاحب کتابوں کی جلدیں خوب باندھتے تھے۔مولانا نے یہ فن ان سے سیکھا، مولانا کا خط بڑا اچھا تھا، وہ ہمیشہ تمام لڑکوں میں اول رہتے، لکھنے کا شوق تھا لہٰذا اکثر چھوٹے چھوٹے رسالے نقل کرتے رہتے کبھی اپنی نظمیں خوش خط لکھتے۔

(سوانح مولانا محمد قاسم نانوتوی از عبدالصمد صارم ص 9,8)

بعدازاں نانوتہ سے مولانا مہتاب علی (برادر بزرگ مولانا ذوالفقار علی، شارح دیوان الحماسہ) کے مکتب میں دیوبند بھیج دیئے گئے، جہاں انہوں نے عربی کی ابتدائی کتابیں پڑھیں۔

(اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد 19 ص 504)

حصول تعلیم کے لئے
دہلی روانگی

حسن اتفاق سے مولانا مملوک علی جو دہلی عربی کالج میں علوم شرقیہ کے مدرس تھے اس زمانے میں اپنے وطن آئے ہوئے تھے۔وہ دہلی جاتے ہوئے مولانا قاسم کو بھی ساتھ لیتے گئے۔مولانا محمد قاسم نے آٹھ سال تک مولانا مملوک علی سے کالج کے فارغ اوقات میں ان کے گھر پر تعلیم پائی اور ایک سال دلی کالج میں علم ریاضی کی تحصیل میں گزارا۔علم حدیث کے لئے وہ شاہ عبدالغنی مجددیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو اپنے زمانے کے باکمال محدث تھے اور جن کا سلسلہ سید حدیث شاہ محمد اسحاق کے واسطے سے شاہ ولی اللہؒ تک منتہی ہوتا ہے۔ (نزہۃ الخواطر عبدالحی ص 383)

اس زمانے میں مفتی صدرالدین آزردہ دہلی کی علمی، ادبی اور مجلسی زندگی کی روح رواں تھے۔مولانا محمد قاسمؒ نے ان سے بھی کسب فیض کیا...... طالب علمی سے فراغت کے بعد مولانا احمد علی سہارنپوری کے مطبع احمدی، دہلی میں کتابوں کی تصحیح کی خدمت انجام دینے لگے۔اس زمانے میں مولانا احمد علی بخاری شریف کی تصحیح اور تحشیہ میں مصروف تھے۔پانچ چھ سپارے آخر کے باقی تھے کہ انہوں نے سارا کام مولانا محمد قاسم کے سپرد کردیا۔مولانا نے حاشیہ اس قابلیت سے لکھا کہ دیکھنے والے انہیں خراج تحسین دیئے بغیر نہ رہ سکے۔مسلمانان ہند کے فخر کے لئے یہ امر کافی ہے کہ صحیح بخاری کو پہلی دفعہ انہوں نے نہایت صحت و صفائی کے ساتھ چھاپ کر شائع کیا۔

(سوانح قاسمی از سید مناظر احسن گیلانی جلد اول ص 510)

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے مولانا کو بچپن ہی سے حاجی صاحب سے عقیدت ہوگئی تھی جب بھی حاجی صاحب آئے تو مولانا حاضر خدمت رہتے تھے۔چنانچہ تعلیم سے فراغت کے بعد مولانا محمد قاسمؒ نے حاجی امداداللہ صاحب مہاجر مکی کے ہاتھ پر باقاعدہ بیعت کی اور عمر بھر ان کی محبت و عقیدت سے سرشار رہے۔

(سوانح قاسمی از سید مناظر احسن گیلانی جلد اول ص 510)

حفظ قرآن

29 نومبر 1860ء کو جب مولانا محمد قاسم نانوتویؒ پہلی دفعہ حج کرنے کے لئے براستہ پنجاب، سندھ روانہ ہوئے تو راستے میں جہاز پر ہی قرآن مجید حفظ کرنا شروع کردیا ہر روز جتنا حفظ کرتے تھے، رات کو نماز تراویح میں اتنا ہی سنا دیتے تھے۔

(انوار قاسمی از محمد انوار الحسن ص 216)

اس بارہ میں خود آپ کا اپنا بیان ہے فرماتے ہیں:۔

فقط دو سال رمضان میں میں نے یاد کیا ہے اور جب یاد کیا پاؤ سپارہ کی قدر یا کچھ اس سے زائد یاد کرلیا اور جب سنایا ایسا صاف سنایا جیسے اچھے پرانے حافظ۔

(سوانح قاسمی از مولانا محمد یعقوب بحوالہ بانی دارالعلوم ص 55)

وفات

مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کو تین مرتبہ حج کرنے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ پہلا حج 1860ء میں کیا دوسرا حج 1869ء میں جبکہ تیسرا حج 1877ء میں کیا۔

(بانی دارالعلوم دیوبند ص 54)

تیسرے حج سے واپس ہوتے ہوئے مولانا محمد قاسمؒ کو بخار، کھانسی اور سانس کی تکلیف شروع ہوگئی تھی مگر اس حالت میں بھی وہ دارالعلوم دیوبند کے فروغ و ترقی اور عیسائیوں اور آریوں سے مناظروں میں برابر حصہ لیتے رہے اور طلباء کو بھی پڑھاتے رہے۔یونانی طبیبوں نے ہر قسم کا علاج کیا، ڈاکٹروں نے ہر طرح سے تدبیر کی لیکن مرض رفع نہ ہوا۔آخر آپؒ نے 4 جمادی الاول 1297ھ/ 15/اپریل 1880ء کو بعد نماز ظہر وفات پائی اور دارالعلوم دیوبند میں دفن ہوئے۔ (اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد 19 ص 508)

آپ کی خدمات جلیلہ

دہلی کی تباہی کے بعد بعض اکابر دیوبند کو یہ خیال آیا کہ اب ہندوستان میں اسلام اور مسلمانوں کے تحفظ و بقا کی واحد صورت ایک عربی مدرسہ کا قیام ہے...... چنانچہ 30 مئی 1867ء کو دیوبند کی ایک مسجد میں مدرسہ عربیہ دیوبند کا، جو بعد میں دارالعلوم دیوبند کہلایا قیام عمل میں آیا۔ جب جگہ کی تنگی محسوس ہونے لگی تو مولانا محمد قاسم نے تحریک کی کہ اب مدرسہ کے لئے مستقل عمارت ہونی چاہئے۔چنانچہ مدرسہ کی عمارت کا سنگ بنیاد 1876ء میں رکھا گیا۔یہ درس گاہ پانچ برس میں بن کر تیار ہوئی۔

مدرسہ کے کاموں کی نگرانی کے علاوہ مولانا محمد قاسمؒ نے نکاح بیوگان اور لڑکیوں کے لئے وراثت میں حصہ دلانے کی تبلیغ بھی جاری رکھی۔آپؒ نے اپنی بیوہ ہمشیرہ کا نکاح ثانی کر کے مسلمانوں کے سامنے عملی مثال پیش کردی۔غمی و شادی کی فضول رسموں کی اصلاح کی اور اہل بدعت کے خلاف قلمی و لسانی جہاد جاری رکھا۔آپؒ نے سرسید احمد خان صاحب کو ان کی حدیث و عقائد میں آزاد روی پر فہمائشی اور اصلاحی

خطوط لکھے اور ان کے بعض شبہات اور اعتراضات کا جواب دیا۔

(سوانح قاسمی از سید مناظر احسن گیلانی جلد دوم ص 511,510)

قلمی خدمات

مولانا محمد قاسم نانوتوی نے درج ذیل قلمی خدمات سرانجام دیں۔

1۔حاشیہ صحیح بخاری

2۔تقریر دلپذیر۔ اسلام کے اصول کلیہ پر جامع تقریر

3۔تحذیر الناس۔ آنحضرت ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کا بیان

4۔آب حیات۔ آنحضرت ﷺ کی حیات برزخی کا بیان

5۔انتصار الاسلام۔ آریہ سماجیوں کے مقابلے میں اسلامی اصول کا فلسفہ

6۔تصفیۃ العقائد۔ سرسید احمد خان سے خط و کتابت

7۔حجۃ الاسلام۔عیسائیوں کے مقابلہ میں اسلامی اصولوں کی وضاحت

8۔قبلہ نما۔ پنڈت دیانند کے اعتراض کا جواب

9۔تحفۂ لحمیہ۔آریوں کے شبہات کا جواب

10۔جمال قاسمی۔مکتوبات

11۔مباحثۂ شاہجہانپور۔ آریوں کے مناظرہ کی روداد

12۔توثیق الکلام۔مسئلہ فاتحہ خلف الامام پر بحث

13۔اجوبۃ اربعین۔تحذیر الناس پر علمائے رام پور کے اعتراضات کا جواب

14۔ھدایۃ الشیعۃ۔شیعہ عقائد پر بحث

وجہ تالیف رسالہ ''قبلہ نما''

جولائی 1878ء میں پنڈت دیانند صاحب نے رُڑکی میں آ کر سر بازار مجمع عام میں مذہب اسلام پر اعتراض کئے۔ بعض احباب کے طلب کرنے پر مولانا محمد قاسم نانوتویؒ صاحب بھی وہاں پہنچے اور آرزوئے مناظرہ میں سولہ سترہ دن وہاں ٹھہرے رہے تا کہ پنڈت جی سے اعتراض سنیں اور بالمشافہ بعنایت خداوندی اسی وقت ان کے جواب پیش کریں۔

پنڈت جی اعتراض پیش کرتے رہے لیکن جب مناظرہ میں قلعی کھلنے کا وقت آیا تو جان چھڑا کر بھاگے سترہ دن بعد جب مولانا محمد قاسم نانوتویؒ واپس نانوتہ پہنچے تو اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پنڈت صاحب کے اعتراضات کے جوابات تحریر فرمائے تا کہ لوگ ان کو پڑھ کر پنڈت صاحب کی دروغگوئی سے خوب آگاہ ہوسکیں۔کل گیارہ اعتراضات تھے جن کے جوابات پر مولانا نانوتویؒ نے توجہ فرمائی۔ دس اعتراضات کے جوابات رسالہ انتصار الاسلام میں تحریر فرمائے اور ایک اعتراض یعنی استقبال قبلہ کے جواب میں یہ ایک مستقل رسالہ ''قبلہ نما'' تحریر فرمایا۔

پنڈت صاحب کا اعتراض

مسلمان ہندوؤں کو بت پرست کہتے ہیں اور آپ خود ایک مکان کو سجدہ کرتے ہیں جس میں بہت سے پتھر ہیں۔ جو جواب مسلمان دیتے ہیں وہی بعینہٖ بت پرست کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے مسلمان بھی بت پرستوں سے کم نہیں۔

(''قبلہ'' نما مولانا محمد قاسم نانوتوی ص30)

مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے مندرجہ بالا اعتراض کے جو جوابات پیش فرمائے ہیں ان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

جواب اول:۔استقبال کعبہ اور بت پرستی میں فرق

اول تو لفظ ''استقبال کعبہ'' اور لفظ ''بت پرستی'' ہی اس پر شاہد ہیں کہ بت پرستی کو توجہ الی الکعبہ کے ساتھ کچھ نسبت نہیں۔ لفظ اول یعنی استقبال کعبہ کا مفہوم فقط اتنا ہے کہ کعبہ کی طرف منہ ہو اور بت پرستی کا حاصل یہ ہے کہ بت معبود ہوں۔ ہاں اگر مسلمان بھی دعویٰ کعبہ پرستی کرتے تو پھر پنڈت جی کا اعتراض بجا تھا۔مگر اہل اسلام میں سے جس سے چاہو پوچھ دیکھو کوئی مفہوم کعبہ پرستی سے واقف ہی نہیں۔

جواب دوم:۔

اہل اسلام کے نزدیک کعبہ کی طرف منہ ہونا چاہئے نیت استقبال کعبہ کی بھی ضرورت نہیں، چہ جائیکہ ارادۂ عبادت، البتہ خدا کی عبادت کی نیت اور اس کا ارادہ ہونا ضرور ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو پھر وہ نماز اہل اسلام کے نزدیک معتبر نہیں۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ اہل اسلام خدا کی عبادت کرتے ہیں کعبہ کی عبادت نہیں کرتے اور بت پرستی کے لئے ارادہ اور نیت عبادت اور پرستش بت شرط ہے۔ اگر میری اس گزارش میں شک ہو تو پجاریوں سے پوچھ دیکھیں ہزار ہا بت پرست موجود ہیں۔ مگر اہل عقل کو نہ پوچھنے کی ضرورت ہے نہ کسی کو بتلانے کی حاجت۔

تیسرا جواب:۔

